© rasailojaraid.com

مولانا محمد ابراہیم فانی

# تعارف و تبصرہ کتب

کتاب : ماہنامہ حق چاریار لاہور (اپریل ۲۰۰۱)

خصوصی اشاعت : مولانا محمد امین صفدر اکاڑوی نمبر

زیر نگرانی : مولانا قاضی مظہر حسین صاحب مدظلہ

ضخامت : ۳۶۰ صفحات قیمت : ۱۲۰ روپے

ملنے کا پتہ : ناظم ماہنامہ حق چاریار، مدینہ بازار ذیلدار روڈ اچھرہ، لاہور۔

---

مناظر اسلام ترجمان احناف وکیل اہل السنہ والجماعۃ حامی السنۃ قامع البدعۃ سیف المقلدین، مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی رحمہ اللہ جن کی شخصیت اور وجود باجود اپنے وقت میں اس سرزمین پر اسلام کی حقانیت کی دلیل قاطع اور برہان ساطع تھی تمام فرقِ باطلہ خوارج و روافض شیعہ، مرزائی، منکرین حدیث و منکرین حیات النبیؐ، اہل بدعت اور بالخصوص غیر مقلدین آپ کے نام سے ترساں رہتے تھے۔ اور یہ بات بلا خوف تردید کہی جا سکتی ہے کہ آپ کے علوم و معارف مواہب لدنیہ کے صحیح مصداق تھے۔

فن اسماء رجال پر آپ کا عبور نہ صرف قابل رشک تھا بلکہ موجودہ دور میں آپ جیسا اس فن میں ماہر ملنا تقریباً محال ہے اول اول تو آپ نے رد عیسائیت کی طرف توجہ دی اور مختلف اناجیل کا مطالعہ کیا پھر خاص کر انجیل برناس کے تو گویا حافظ تھے اس میدان میں آپ نے جو کارہائے نمایاں انجام دیئے وہ آپ ہی کا حصہ ہے۔ چونکہ آپ سترہ سال تک غیر مقلدیت کی وادی تیہ میں سرگرداں رہے اس کے بعد شانِ کریمی نے دستگیری فرمائی۔ اور مسلک حق اہل السنۃ والجماعۃ میں اس شان اور ڈھنگ سے وارد ہوئے کہ وہ نہ صرف وکیل احناف و ترجمان اہل السنۃ ٹھہرے بلکہ آج وہ مناظر اسلام کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں۔

گزشتہ کئی سالوں سے غیر مقلدین سادہ لوح عوام کو تقلید اور حنفیت سے متنفر کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں اور اس سعی نامشکور کیلئے انہوں نے عرب ممالک سے حاصل کردہ کثیر سرمایہ بھی صرف کیا مگر پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا کے مصداق اللہ تعالیٰ نے لکل فرعون موسیٰ کی سنت کے مطابق مولانا صفدر کو ان کی سرکوبی کے لئے منتخب فرمایا۔ اور ان کے ساتھ ایسے کامیاب مناظرے کیے کہ مخالفین کے چوٹی کے

© rasailojaraid.com